# شرائط وضوابط برائے Konnect by HBL سیونگ اکاؤنٹ

یہ شرائط وضوابط اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کی جانب سے بینک کے پاس کھولے گئے سیونگ اکاؤنٹ پر لاگو ہوں گی جسے آگے **"گلک"** لکھا جائے گا۔ یہاں "بینک" سے مراد حبیب بینک لمیٹڈ، اس کی متعلقہ برانچ اور/یا اس کے جانشین اور/یا اہل کار ہیں، نیز "اکاؤنٹ ہولڈر" سے مراد وہ فرد/ افراد/ قانونی ادارے ہیں جنھوں نے بینک میں اکاؤنٹ کھولا ہوا ہے اور افراد کی صورت میں اس میں اُن کے قانونی ورثا، قانونی نمائندے، نامزد کردہ افراد، ایگزیکیوٹرز، منتظمین اور منظور شدہ ذمہ داران شامل ہیں۔

1. جو اکاؤنٹ ہولڈر بینک کے پاس گلک کے لیے رقم جمع کروانا چاہیں، اُنھیں بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق Konnect چینلوں کے ذریعے پروڈکٹ خریدنی ہوگی۔
2. بینک کسی بھی ایسے فرد/ قانونی ادارے سے گلک کے لیے رقم وصول نہیں کرے گا جو بینک کے اکاؤنٹ ہولڈر (کرنٹ/ سیونگ اکاؤنٹ) نہ ہوں۔
3. بینک کوئی وجہ بتائے بغیر کسی بھی رقم کو مسترد کرنے یا وصول کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔
4. بینک کی طرف سے وقتاً وقتاً مقرر کردہ کم از کم رقم کے برابر یا زائد رقم پر مشتمل ڈپازٹ قبول کیا جائے گا۔
5. گلک پر حاصل ہونے والا منافع/ انعام اور اصل رقم میچوریٹی پر اکاؤنٹ ہولڈر کے اکاؤنٹ میں خودبخود منتقل ہوجائے گی۔ بینک کسی بھی دوسرے طریقے کے ذریعے ادائیگی کی درخواست قبول نہیں کرے گا۔
6. اکاؤنٹ ہولڈر ATM، فنڈز ٹرانسفر، یا ملک بھر میں کسی بھی منظور شدہ Konnect ایجنٹ کے ذریعے کیش آؤٹ کی صورت میں اپنے گلک سے رقم نکال سکتے ہیں۔
7. اکاؤنٹ ہولڈر متفق ہے کہ بینک نافذ العمل وِدہولڈنگ ٹیکس، انکم ٹیکس اور حکومتِ پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً عائد کردہ دیگر ڈیوٹی کی کٹوتی کا ذمہ دار ہے۔ اگر اکاؤنٹ ہولڈر/ کسٹمر ان قوانین کے برعکس کوئی رائے رکھتے ہوں تو بینک اسے قبول نہیں کرے گا اور اکاؤنٹ ہولڈر کو ڈپازٹ/ سرمایہ کاری کے لیے لاگو قانون کا علم ہونا ضروری ہے۔
8. زکوٰۃ، جہاں کہیں لاگو ہوئی تو، زکوٰۃ وعشر آرڈیننس 1980ء کے مطابق وصول کی جائے گی۔
9. وہ اکاؤنٹ ہولڈر جو زکوٰۃ کی کٹوتی سے استثنا حاصل کرنا چاہیں، اُنھیں زکوٰۃ کی کٹوتی سے کم از کم ایک مہینہ پہلے مقررہ پرفارما پر "ڈکلیئریشن" جمع کروانا ہوگا، اگر وہ اکاؤنٹ کھولتے وقت جمع نہ کروایا گیا ہو۔

10. اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کی جانب سے اقرار کیا جاتا ہے کہ بینک اینٹی منی لانڈرنگ کے قوانین اور ضوابط پر عمل درآمد کرنے کا پابند ہے اور اکاؤنٹ ہولڈر(ز) متفق ہیں کہ وہ اس مقصد کے لیے بینک کی جانب سے دریافت کی گئی تمام معلومات فراہم کریں گے۔

11. اکاؤنٹ ہولڈر کو گلک کے تحت مختلف پروڈکٹس کے اُصول اور خصوصیات بیان کی گئی ہیں جن کے تحت گلک کی متعلقہ پروڈکٹس کی وصولی / تجدید اور نقدی میں ادائیگی (encashment) کی جاتی ہے۔

12. بینک کوئی وجہ بتائے بغیر کسی بھی عرصے کے لیے شرحِ منافع میں تبدیلی کا حق محفوظ رکھتا ہے، بشرطیکہ ڈپازٹ رکھواتے وقت شرح خصوصی طور پر مقرر نہ کی گئی ہو۔ تبدیلیوں کے نفاذ سے قبل کسٹمر کو اطلاع دی جائے گی۔

13. کوئی نئے چارجز عائد کرنے یا موجودہ چارجز میں کسی تبدیلی کی صورت میں بینک کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر کو چارجز لاگو ہونے سے کم از کم تیس (30) دن پہلے درج ذیل طریقوں سے اطلاع دی جائے گی:

a. براہِ راست اطلاع (مثلاً بذریعہ ای میل، SMS، پُش نوٹیفکیشن وغیرہ)؛

b. Konnect ایجنٹ کی لوکیشن پر ڈسپلے؛

c. بینک کے سوشل میڈیا چینلوں پر نوٹس؛ اور

d. Konnect ویب پیجز پر یا اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے استعمال کیے جانے والے دیگر الیکٹرانک بینکنگ چینلوں کے ذریعے اطلاع۔

14. گلک پر حاصل ہونے والا منافع پروڈکٹ کی خصوصیات میں واضح کردہ مقررہ مدت پر کریڈٹ کیا جائے گا۔

15. قبل از وقت انکیشمنٹ کی صورت میں، اصل رقم اکاؤنٹ ہولڈر کو واپس منتقل کر دی جائے گی اور قبل از وقت انکیشمنٹ کے لیے اصل رقم پر متعلقہ چارجز / فیس لاگو ہوگی، البتہ قبل از وقت انکیشمنٹ کی صورت میں بینک کی جانب سے کوئی منافع ادا نہیں کیا جائے گا۔

16. جہاں گلک کی جانب سے پیشگی منافع پر (اگر کوئی) ٹیکس وصول کیا گیا ہو اور ٹیکس حکام کو ادا کر دیا گیا ہو تو بینک کی جانب سے واپس نہیں کیا جائے گا۔ البتہ، اکاؤنٹ ہولڈر کی درخواست پر بینک کی جانب سے اکاؤنٹ ہولڈر کو ٹیکس کی کٹوتی کا سرٹیفکیٹ فراہم کیا جا سکتا ہے۔

17. سود / منافع شمار کرنے کا طریقہ پاکستان کے رائج قانون اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ضوابط / ہدایات کے مطابق ہے۔

18. جن اکاؤنٹس میں کوئی ٹرانزیکشن نہ ہو تو وہ ایک (1) سال غیر فعال رہنے کے بعد "معطل" (dormant) کر دیے جاتے ہیں۔ معطلی (dormancy) کی کنڈیشن صرف اسی صورت میں ہٹائی جاتی ہے جب اکاؤنٹ ہولڈر(ز) اپنی شناختی دستاویزات، CNIC کے ساتھ بذاتِ خود Konnect ایجنٹ کے پاس جائیں، ریگولیٹری شرائط کے مطابق بایومیٹرک تصدیق انجام دیں اور اُسی دن اکاؤنٹ سے ڈیبٹ

ٹرانزیکشن (وِدڈرال) کریں۔ جو گلک دس سال کے عرصے تک غیر فعال رہیں (یعنی اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے کوئی سرگرمی نہ ہو) تو اُنھیں "غیر دعویٰ شدہ" (unclaimed) اکاؤنٹس میں شامل کر دیا جاتا ہے اور بینکنگ کمپلائنس آرڈیننس کے مطابق SBP کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔

19. بینک کے پاس گلک رکھوانے والے افراد کے بارے میں یہ سمجھا جائے گا کہ وہ اکاؤنٹ کی شرائط وضوابط اور مختلف ڈپازٹ اسکیم پر بینک کی جانب سے جاری کردہ اور وقتاً فوقتاً ترمیم کردہ / نظرِ ثانی شدہ "Indicative" شرحِ منافع کو پڑھ، سمجھ اور قبول کر چکے ہیں۔

20. گلک کی میچوریٹی تک اس پر منافع متعلقہ عرصے کے لیے بینک کی طرف سے جاری کردہ اور شائع کردہ indicative شرح کی بنیاد پر قابلِ ادا ہو گا۔

21. بینک کی جانب سے مقررہ عرصے کے تحت، بینک پاکستانی روپیہ میں گلک قبول کرے گا۔

22. انفرادی گلک اکاؤنٹ ہولڈر کی وفات کی صورت میں، موثر جانشینی سرٹیفکیٹ / وصیت نامے / متعلقہ عدالتِ قانون کی جانب سے جاری کردہ انتظام کی بنیاد پر قانونی ورثا کو ادائیگی کی جائے گی۔

23. قرض دار / ضامن ہونے کی حیثیت سے کسی بھی صورت میں بینک کے مقروض ہونے پر، بینک کسی بھی قرض کی مکمل یا جزوی وصولی یا تصفیے کے لیے کسی بھی وقت اپنی صوابدید پر اور اطلاع دیے بغیر گلک میں موجود کسی بھی رقم پر دعویٰ کر سکتا ہے اور / یا تلافی کا حق استعمال کر سکتا ہے۔

24. گلک اکاؤنٹ ہولڈر کے نام پر قابلِ ادا ہے اور ناقابلِ تبادلہ / ناقابلِ انتقال ہے۔

25. بینک ایسے اکاؤنٹس میں موجود رقم / ڈپازٹ کی کسی بھی طرح اپنی صوابدید پر سرمایہ کاری کرنے اور بینکنگ بزنس میں اپنے بہترین فیصلوں کی بنیاد پر یہ رقم استعمال کرنے کا حق رکھتا ہے۔

26. بینک کی جانب سے اکاؤنٹ / گلک کی رازداری برقرار رکھی جائے گی۔ گلک اکاؤنٹ کی رازداری برقرار رکھنے کی ذمہ داری کے باوجود، جب کبھی بینک کو نافذ العمل قوانین پر عمل درآمد کے لیے معلومات (بشمول کسی اکاؤنٹ سروس کے کریڈٹ ریویو یا بینک کی جانب سے کسٹمر کو حاصل ہونے والی کسی کریڈٹ فیسلٹی، خواہ انفرادی طور پر ہو یا دوسروں کے ساتھ مشترکہ یا دیگر صورت میں)، اکاؤنٹ ہولڈر، اس کے اکاؤنٹس یا دیگر اثاثوں اور کریڈٹ فیسلٹی سے متعلق کوئی تفصیلات درج ذیل کو ظاہر کرنی پڑیں تو بذریعہ ہٰذا اکاؤنٹ ہولڈر کی طرف سے بینک کو اس بات کا ناقابلِ تردید اختیار دیا جاتا ہے:

a. بینک کے ہیڈ آفس، منسلکہ دفاتر یا دیگر کوئی برانچ یا سبسڈری، اس کا ہیڈ آفس یا بینک کی کوئی دیگر برانچ یا ایسا کوئی فرد جو بینک کی جانب سے رازداری کی ذمہ داری کا پابند ہو؛

b. کوئی ایکسچینج، مارکیٹ یا دیگر اتھارٹی یا ریگولیٹری باڈی جو بینک پر اختیار رکھتی ہو، اس کا ہیڈ آفس یا بینک کی کوئی دیگر برانچ یا اکاؤنٹ ہولڈر یا گلک سے متعلقہ کوئی ٹرانزیکشن؛

c. ایسا کوئی فریق جو ایسا مطالبہ کرنے یا درخواست کرنے کا اختیار رکھتا ہو؛

d. ایسا کوئی فرد جس کے ساتھ بینک شرائط وضوابط کے تحت اپنے حقوق، ذمہ داریاں یا رِسک فروخت کرنے، منتقل کرنے یا اشتراک کرنے سے متعلق معاہدہ کرے یا معاہدے کی تجویز پیش کی جائے؛

e. ایسا کوئی فرد (بشمول کوئی ایجنٹ، کانٹریکٹر یا تھرڈ پارٹی سروس پرووائیڈر) جس کے ساتھ بینک کا گلک سے متعلق خدمات کی فراہمی کے بارے میں یا بینک کے کاروبار کے آپریشنز سے متعلق کوئی معاہدہ کرے یا معاہدے کی تجویز پیش کی جائے؛

f. ایسا کوئی فرد جو بینک یا اس کے ہیڈ آفس یا منسلکہ دفاتر کا عملہ یا ایجنٹ ہو، بشمول اکاؤنٹ ہولڈر کے ساتھ رابطے یا تعلق کے لیے یا اکاؤنٹ ہولڈرز کو سروسز فراہم کرنے کے لیے یا گلک سے متعلق ٹرانزیکشن پروسیس کرنے کے لیے کوئی ریلیشن شپ افسر؛

g. ڈیفالٹ کی صورت میں کوئی سرکاری / ریگولیٹری / عدالتی اتھارٹی / ایجنسی۔

27. بذریعہ ہٰذا اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اتفاق اور رضامندی کا اظہار کیا جاتا ہے کہ بینک کی جانب سے فراہم کردہ کسی گلک، سہولیات یا سروسز کے لیے اکاؤنٹ ہولڈر کی درخواست سے متعلق، یا بینک کے ساتھ اکاؤنٹ ہولڈر کے تعلق کے عرصے کے دوران، بینک کو اکاؤنٹ ہولڈر یا ان کے گلک، قانونی یا مالی صورتِ حال کے بارے میں بینک کو دستیاب کسی بھی ذریعے سے معلومات حاصل کرنے کا اختیار ہو گا۔

28. ششماہی / سالانہ بنیاد پر بینک کی اکاؤنٹس بُک بند ہونے پر، مذکورہ اکاؤنٹس کے حوالے سے خسارے / چارجز سے متعلق کسی دعوے کی صورت میں اکاؤنٹ ہولڈر بینک کو ادائیگی کریں گے۔ بینک کو متعلقہ گلک کے تصفیے کے لیے مذکورہ دعوے / چارجز کی رقم کی کٹوتی کرنے کا حق حاصل ہے۔

29. یہ شرائط ضوابط متعدد اقسام کے اکاؤنٹس اور اکاؤنٹ ہولڈر کو وقتاً فوقتاً پیش کردہ دیگر تمام پروڈکٹس اور سروسز پر لاگو بینک کی مخصوص شرائط وضوابط، اصول و قواعد، طریقہ کار میں اضافہ ہیں اور ان کا متبادل نہیں ہیں۔

30. بینک وقتاً فوقتاً کسی بھی انداز میں ان شرائط وضوابط میں ترمیم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے اور گلک اکاؤنٹ ہولڈر(ز) کو بینک کے پاس موجود ریکارڈ کے مطابق اکاؤنٹ ہولڈر کے رجسٹرڈ نمبر پر SMS اور / یا پُش نوٹیفکیشن کے ذریعے، Konnect ایجنٹس کے پاس ڈسپلے کے ذریعے، اکاؤنٹ ہولڈر کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر ای میل کے ذریعے یا بینک کی ویب سائٹ اور / یا سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ذریعے کم از کم تیس دن پہلے ان شرائط وضوابط میں کسی ترمیم کی اطلاع دی جائے گی۔ SMS بھیجے جانے یا بینک کی ویب سائٹ کے ذریعے اطلاع پر یہ

سمجھا جائے گا کہ گلک اکاؤنٹ ہولڈر(ز) ترمیم شدہ شرائط قبول کر چکے ہیں۔ تمام گلک اکاؤنٹ ہولڈر(ز) ترمیم شدہ شرائط کے فوری پابند ہوں گے۔

31. اکاؤنٹ ہولڈر کے پتے میں کسی تبدیلی کی صورت میں بینک کو فوری اطلاع دی جانی چاہیے۔

32. نافذ العمل قوانین کی شرائط کے تحت اور/یا بصورتِ دیگر بینک کے مفاد کے تحفظ کے لیے کسی بھی متعلقہ عدالتی حکم یا مجاز حکام یا ایجنسی کی جانب سے دریافت کیے جانے کی صورت میں بینک گلک کے حوالے سے متعلقہ معلومات افشا کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

33. اگر بینک کو گلک کے حوالے سے اپنے حق کے استعمال یا دیگر کسی قدم کے لیے ایڈووکیٹ/وکلا کی خدمات حاصل کرنا پڑیں تو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے بینک کو اس ضمن میں تمام لاگت، چارجز، فیس اور اخراجات مکمل طور پر ادا کیے جائیں گے اور بینک کو مذکورہ لاگت، چارجز، فیس اور اخراجات کی وصولی کے لیے گلک سے وصولی کا حق حاصل ہو گا۔

34. اگر درخواست گزار FATCA معلومات فراہم کرنے کے لیے رضامند نہ ہوں تو بینک گلک نہ کھولنے/درخواست گزار کے ساتھ بینکاری تعلق قائم نہ کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اس میں فارمز کی صورت میں بیرونِ ملک جمع کروایا گیا ٹیکس شامل ہے۔ بینک اکاؤنٹ ہولڈر کی معلومات، بلاواسطہ یا بالواسطہ ٹیکس حکام کے غیر ملکی ریگولیٹر (یا اُن کے نمائندے یا ایجنٹ) یا ایسے حکام یا خطے پر ظاہر کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جسے بینک ضروری سمجھے، خواہ وہ کسی بھی نوعیت کی ہو۔

35. اکاؤنٹ ہولڈر/ڈیلر اور/یا بینک کے بروکر اور/یا بینک کے کال سینٹر کی جانب سے کی گئی تمام بزنس ٹیلی فون کال کو ریکارڈ کیا جائے گا اور درج ذیل خودکار پیغام سے گفتگو کا آغاز ہو گا: ''آپ کی گفتگو ریکارڈ کی جارہی ہے''، جس کے بعد فریقین کے درمیان مکمل گفتگو ریکارڈ کی جائے گی۔

36. بینک کو حق ہو گا کہ وہ مزید انکوائری کے بغیر ایسی کسی معلومات پر بھروسا کرے یا اکاؤنٹ ہولڈر کو بتائے جو اسے کسی بھی ذریعے سے حاصل ہوئی ہو اور بینک اسے درست سمجھتا ہو، اس بات سے قطع نظر کہ وہ معلومات یا اسے بھیجنے والے شخص کی شناخت کسی غلطی یا دھوکا دہی پر مبنی ہو اور اگر ایسی کسی معلومات کو قبول کرنے اور/یا اس کی بنیاد پر کوئی قدم اٹھانے کے نتیجے میں اگر بینک کو نقصان برداشت کرنا پڑا تو اکاؤنٹ ہولڈر کی جانب سے اس کی تلافی کی جائے گی اور بینک کو کسی بھی قسم کے تمام اقدامات، کارروائیوں، لاگت، دعویٰ جات، مطالبات، اخراجات یا نقصانات (بلاواسطہ یا بالواسطہ) محفوظ رکھا جائے گا۔

37. ان شرائط و ضوابط کی ہر شق اور ذیلی شق میں شامل شرائط ایک دوسرے سے غیر مشروط طور پر نافذ کی جائیں گی اور کسی ایک کے غیر موثر ہونے سے ان کے موثر ہونے پر فرق نہیں پڑے گا۔ اگر ان میں سے کوئی شرط کالعدم ہو جائے لیکن شرط کے بعض حصے حذف ہونے پر موثر ہو تو مذکورہ شرط ایسی کسی ترمیم کے ساتھ لاگو ہو گی جو اسے موثر بنانے کے لیے ضروری ہو۔

38. اصل انگریزی شرائط وضوابط اور اس کے اردو ترجمے کے درمیان کسی بھی غیر ہم آہنگی، اختلاف یا ابہام کی صورت میں، انگریزی ورژن کی شرائط کو ترجیح دی جائے گی۔

39. HBL کے ذریعے ایجنٹ یا اس کی ویب سائٹ پر تھرڈ پارٹی پروڈکٹس کے لیے درخواست سے متعلق فراہم کردہ معلومات کو سرمایہ کاری کے مشورے کے طور پر استعمال نہیں کیا جانا چاہیے اور یہ کوئی سکیورٹیز یا دیگر فنانشل انسٹرومنٹ بیچنے کی پیشکش یا خریدنے کی پیشکش کی ترغیب یا ایسی سکیورٹیز یا دیگر فنانشل انسٹرومنٹس سے متعلق کسی مشورے یا سفارش مشتمل نہیں ہوتیں۔ کسی بھی سرمایہ کاری سے متعلق فیصلہ لیتے وقت، اکاؤنٹ ہولڈر کو پروفیشنل فنانشل ایڈوائزر سے مشاورت کرنی چاہیے۔

40. گلک کی شرائط اور مذکورہ شرائط وضوابط پاکستان کے قانون کے تحت نافذ العمل ہوں گی۔